# Our MULTILINGUAL VOICES

موسم گرما 2024 | www.houstonisd.org/voices | اشاعت III، شمارہ 3

## پروموشن کے معیارات 2023-2024



HISD طلباء کو اگلے گریڈ لیول پر پروموٹ ہونے کے لیے، یہ ظاہر کرنا ہو گا کہ انہوں نے HISD کے پروموشن کے معیارات کو پورا کر لیا ہے۔ ان معیارات میں کلاس روم گریڈز، مقامی یا ریاستی امتحانات، اور حاضری شامل ہیں جیسا کہ ذیل میں درج ہے:

- مجموعی سالانہ گریڈ اوسط 70 یا اس سے اوپر کا ریاستی تقاضا **اور** لینگویج آرٹس، ریاضی، اور سائنس اور/یا سماجی علوم میں 70 یا اس سے اوپر کے گریڈ اوسط کا مقامی تقاضا۔
- معقول حاضری – طالب علم کی کُل غیر حاضریوں کی تعداد کلاس میٹنگز کے 10 فی صد سے متجاوز نہیں ہو سکتی ہے۔

***پروموشن کے معیارات 2023-2024***

***Estándares de promoción 2023-2024***

2023-2024 تعلیمی سال کے پروموشن کے معیارات کے متعلق مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں
***طالب علم کے لیے تقاضا جات / پروموشن کے معیارات (houstonisd.org)***

## سمر اسکول کی معلومات






HISD پروموشن ریٹینشن سمر پروگرام گریڈز PK-12 کے ان طلباء کے لیے ہے جو HISD اسکول میں اسکول کے آخری دن تک داخل ہوئے ہوں اور انہیں ***پروموشن کے معیارات*** پر پورا اترنے کی ضرورت ہے۔ موسم گرما کے پروگرامز کے ذریعے فراہم کیا جانے والا توسیع شدہ وقت اسکول کے آخری سال میں متوقع نتائج حاصل کرنے کے لیے طلبا کو کڑا اور متعلقہ فوری ہدایت اور کمک سے بھرپور اضافی مواقع فراہم کرتا ہے۔ HISD کا مقصد یہ ہے کہ موسم گرما کے موثر پروگرامز کے ذریعے، وہ تمام طلبا جنہیں اس توسیع شدہ وقت کی ضرورت ہے وہ پروموشن کے معیارات پر پورا اتریں، اگلے گریڈ لیول میں کامیابی کے لیے تیار ہوں، اور اپنے ہم عمروں کے ساتھ گریجویٹ ہونے کے سفر پر گامزن رہیں۔

### سمر اسکول کی اہم تاریخیں

**پیر - جمعہ**

*8:00 بجے صبح - 2:45 بجے شام*

**آغاز:** پیر، جون 17

**اختتام:** جمعہ، جولائی 19

*سمر اسکول کی چھٹیاں (سمر اسکول نہیں) جون 19، جولائی 4، اور جولائی 5*

موسم گرما اسکول 2023-2024 سے متعلق مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں
***https://www.houstonisd.org/summer***

## موسم گرما کی غذائیں

**HISD پیر سے جمعرات تک 1-18 سال کی عمر کے بچوں کو بلا قیمت، ناشتہ اور لنچ فراہم کرے گا.**

**کب: جون 6 – جون 30**
**اوقات: ہر کیمپس کے لیے مختلف**
**مقامات: سائٹ تلاش کرنے کے لیے وزٹ کریں**
***https://www.houstonisd.org/summer***

موسم گرما کی غذاؤں سے متعلق مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں
***https://www.houstonisd.org/Page/126922***

## TEA وسائل




انگلش لرنر پورٹل-ہوم پیج (txel.org)

TEA کا یہ ویب پورٹل آپ کو اور آپ کے خاندان کو معلومات اور وسائل فراہم کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے تاکہ آپ کے بچے کی تعلیمی کامیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔

TXEL پورٹل پر بطور سبسکرائبر سائن اپ ہوں تاکہ دو لسانی ابھرتے طلباء کی معاونت کے طریقے کے بارے میں ایونٹس سے متعلق مفید وسائل، اپ ڈیٹس، اور معلومات موصول کر سکیں۔

یہاں کلک کر کے ***سبسکرائب کریں***۔

## گھر پر خواندگی کے حوالے سے تعلیم

جیسا کہ ہم تعلیمی سال کے اختتام کے قریب پہنچ رہے ہیں اور والدین موسم گرما کے منصوبے شروع کر رہے ہیں، پڑھنا سیکھنے کے عمل کے متعلق مزید جاننے کا منصوبہ بنائیں یا نئی زبان سیکھیں۔ ذیل کے وسائل آپ کے بچے کی خواندگی اور زبان کی نشوونما میں معاونت کے لیے بطور والد/والدہ آپ کی رہنمائی کریں گے۔ یہ اور دیگر مندرج وسائل موسم گرما کے مہینوں میں طلباء کی زبان کی بالیدگی میں معاونت کریں گے۔

**ABCya**

ABCya گریڈز PreK سے لے کر 6 تک 300 سے زائد تفریحی اور تعلیمی گیمز فراہم کرتا ہے۔ گیمز کی گریڈ اور موضوع کے لحاظ سے درجہ بندی کی جاتی ہے، اور اس میں ضرب، قواعدی اجزائے کلام، ٹائپنگ، پیٹرن کی شناخت، اور مزید عنوانات شامل ہیں۔

**ختم شد**

*معلومات ہسپانوی میں دستیاب ہیں*

ہر عمر کے طلباء کے لیے والدین کے لیے خواندگی کی تجاویز اور مڈل سے ہائی اسکول کی عمر کے لیے کتب کی مجوزہ فہرستیں۔




**انگلش لرنر فیملی ٹول کٹ**

امریکا میں پبلک اسکولز کے متعلق معلومات برائے خاندان۔

**Reading Rockets**

مشغولیت کے متعلق والدین کے لیے تجاویز اور آپ کے بچے کے پڑھنے میں معاونتی طریقے۔





**Sesame Street دو لسانی تربیتی وسائل**

*معلومات ہسپانوی میں دستیاب ہیں*

دو لسانی وسائل جیسا کہ خاندانی سرگرمی کے لیے رہنمائی اور چھوٹے بچوں کے لیے ویڈیوز۔

ان اور دیگر معاونتی وسائل کے لیے وزٹ کریں

***انگلش لرنر پورٹل-Supporting My Child (txel.org)*** اور اسکرول ڈاؤن کریں۔

## TEA نیوز لیٹر

والدین اور خاندانوں کے نیوز لیٹر کی اس اشاعت میں آسان، گھریلو سرگرمیوں کی معلومات شامل ہیں تاکہ تعلیمی گیمز کا استعمال کرتے ہوئے اپنے بچے کے اعتماد اور مہارت کو بڑھایا جا سکے اور اس کے علاوہ تربیتی مہم جوئیاں، معاونتی وسائل، اور تجاویز شامل ہیں تاکہ آپ کے بچے کو سپورٹ فراہم کرنے میں مدد دی جا سکے۔

### ریسورس سنٹر

**طلباء کے لیے گھر پر میسر تربیتی سائٹس**

درج ذیل تعلیمی ویب سائٹس مفت وسائل پر مشتمل ہیں جو آپ کے بچے کی انگریزی زبان کی مہارتوں کو بہتر بنانے میں مدد کریں گی۔




***پڑھیں لکھیں سوچیں: Comic Creator***

**یہ کیسے کام کرتا ہے**

***یہ کیسے کام کرتا ہے***




***TEA گریجویشن ٹول کٹ***

TEA نیوز لیٹر کی تازہ ترین اشاعت کے لیے وزٹ کریں ***والدین اور خاندانوں کا نیوز لیٹر (smore.com)***


## اسکول کے انتخاب کی اہم تاریخیں

مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں ***HISD اسکول کا انتخاب / ہوم پیج (houstonisd.org)***

| K-12 معلومات | تاریخیں |
|---|---|
| مرحلہ دو کی درخواست کا وقتِ مقررہ | اگست 2، 2024 |
| انتظار کی فہرست غیر فعال ہے | اگست 9، 2024 |

| Pre-K معلومات | تاریخیں |
|---|---|
| Pre-K والدین کو اطلاع دینے کا دن Pre-K مرحلہ 2 کا آغاز | مئی 10، 2024 |
| مرحلہ دو کی درخواست کا وقتِ مقررہ | نومبر 1، 2024 |
| انتظار کی فہرست غیر فعال ہے | نومبر 8، 2024 |

## اسکول کے انتخاب کی اہم تاریخیں



اوپر مندرج وسائل کے علاوہ HISD طلباء کو Clever میں لاگ ان کر کے گھر بیٹھے Summit K12 تک رسائی حاصل ہے۔

Summit K12 انگریزی سیکھنے والوں کے لیے پڑھنے، لکھنے، سننے، اور بولنے میں مہارتوں کو بہتر بنانے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ Summit K12 کا مبنی بر معیار آن لائن تکمیلی نصاب انگریزی سیکھنے والوں کے لیے صرف 45-60 منٹس فی ہفتہ کام کے ساتھ کمیوں کو پُر کرنے کا باعث ثابت ہوا ہے۔

Clever میں لاگِ ان کے لیے وزٹ کریں ***https://clever.com/in/hisd/staff/portal***

---

ہمارے تمام کثیر اللسانی پروگرامز کے نیوز لیٹر برائے والد/والدہ تک رسائی کے لیے ***یہاں*** کلک کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔



اگر آپ کے پاس ان عنوانات کے متعلق کوئی تجاویز ہوں جن کے بارے میں آپ پڑھنا چاہتے ہیں تو، براہ مہربانی یہ ***مختصر سروے*** مکمل کر کے ہمیں بتائیں۔